# 12561 ـ ايك شہر ميں ملازمت اور دوسرے ميں رہائش ہونے كی صورت ميں رخصت پر عمل كہاں ہو گا ؟

**سوال**

ہوائی جہاز كے پائلٹ كی ملازمت اور رہائش سعودی عرب ميں ہے، اور ايك دوسرے ملك ميں اس كا مكان ہے جہاں اس كی بيوی اور بچے رہائش پذير ہيں، وہ وقتا فوقتا ان كے پاس جاتا رہتا ہے وہاں وہ نماز كيسے ادا كرے گا ؟

**پسنديدہ جواب**

الحمد للہ.

احتياط يہی ہے كہ وہ سفر كی رخصت پر عمل نہ كرے، نہ تو سعودی عرب ميں، اور نہ ہی اپنے ملك ميں، گويا كہ اس كے دو وطن ہيں، تو اس وقت ہم اسے يہی كہينگے كہ آپ رخصت پر عمل نہ كريں، نہ تو ملازمت كی جگہ اور نہ ہی اپنے اہل وعيال كی رہائش والی جگہ.